ڈسٹرکٹ پولیس آفس/ شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (375)

12.07.24

**بہاولپور ( ) ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر اسد سرفراز خان نے نماز جمعہ" جامعہ مسجد خضرا ماڈل ٹاون بی" میں ادا کی اور نماز کے بعد مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران نے نماز جمعہ کے بعد کمیونٹی پولیسنگ کو فروغ دیتے ہوئے پولیس اور عوام کے درمیان خلیج کے خاتمے کیلئے کھلی کچہری کا انعقاد کیا۔عوام کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے اقدامات بارے بریف کیا۔ بہاولپور پولیس عوام الناس کی حفاظت کیلئے ہمہ وقت کوشاں ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق انسپکٹر جنرل آف پولیس پنجاب کے احکامات کی روشنی میں ڈی پی او بہاولپور کی اوپن ڈور پالیسی کے تحت اور شہریوں کے مسائل ان کی دہلیز پر حل کرنے کے حوالے سے ڈی پی او بہاولپور نے جامعہ مسجد خضرا ماڈل ٹاون بی علاقہ تھانہ سول لائینز میں کھلی کچہری کے دوران شہریوں کے اجتماعی وانفرادی مسائل دریافت کئے اور متعلقہ افسران کو فوری دادرسی کے احکامات جاری کئے۔اسی طرح ایس ڈی پی اوز اور ایس ایچ اوز نے اپنے اپنے علاقہ کی مساجد میں جمعتہ المبارک کے روز کھلی کچہری منعقد کرتے ہوئے شہریوں کے مسائل تفصیل سے سنے اور میرٹ پر انصاف فراہم کرنے کی یقین دہانی کرائی۔ڈی پی او نے کھلی کچہری کے حوالے سے اپنے پیغام میں کہا کہ مساجد میں کھلی کچہری منعقد کرنے کا تسلسل اسی طرح جاری رہے گا تاکہ شہریوں کے مسائل کو ان کی دہلیز پر سنا اور حل کیا جا سکے۔عوام کی سہولیات کے لئے اٹھائے گئے پولیس کے سپیشل انیشیٹیوز، فری رجسٹریشن آف کرائم، خدمت کاونٹرز، تحفظ مراکز، لائسنسنگ سینٹرز، میثاق سینٹر سمیت مختلف شعبہ ہائے پولیس کی ورکنگ 15 کال پر پولیس رسپانس کے متعلق مساجد میں منعقد کھلی کچہریوں میں عوام الناس کو تفصیلاً آگاہی فراہم کی گئی۔انہوں نے مزید کہا کہ عوام کو انصاف فراہم کرنا ہماری اولین ذمہ داری ہے،جس پر تمام فیلڈ افسران عمل پیرا ہیں۔عام آدمی کی دہلیز تک ا



بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کا جمعہ نماز کی ادائیگی کے بعد مسجد میں کھلی کچہری کا انعقاد، جبکہ ضلع بھر میں ایس ڈی پی اوز، ایس ایچ اوز اور تفتیشی افسران بھی نماز جمعہ کے بعد کھلی کچہری میں شہریوں کے مسائل دریافت کر رہے ہیں

ڈسٹرکٹ پولیس آفس/شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز(376)

12.07.24

**بہاول پور( )تھانہ سمہ سٹہ کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، ایک ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک۔ پولیس مصروف کارروائی۔ ہلاک ڈاکو پر قتل، راہزنی و ڈکیتی کے درجنوں مقدمات درج تھے۔عوام کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا، جرائم پیشہ عناصر کو واضح پیغام، ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق تھانہ سمہ سٹہ پولیس کے پاس ایک ملزم سرفراز عرف حاجی ولد محمد شریف سکنہ بستی کوڑی موضع ہوت والا ڈکیتی کے مقدمات میں جسمانی ریمانڈ پر موجود تھا جس سے ڈکیتی شدہ موٹر سائیکل کی ریکوری کی جانی تھی۔ رات گئے پولیس ٹیم ملزم کو لیکر بائی پاس ذخیرہ برآمدگی کے لیے گئے۔اسی دوران ملزم سرفراز عرف حاجی کے ساتھی ملزمان جنہوں نے ایک دوسرے کو زور زور سے آوازیں دے کر کہا کہ پولیس آگئی ہے ان کو سیدھے فائر مارو اور سرفراز حاجی کو چھڑوائیں اور پولیس پر جان سے مار دینے کی خاطر اندھا دھند سیدھی فائرنگ شروع کر دی۔ پولیس نے بھی حفاظت خود اختیاری کے تحت رکاوٹ کا سہارا لیتے ہوئے دو چار جوابی فائر کیے، بذریعہ وائرلیس سیٹ کنٹرول کو اطلاع دی اور مزید نفری کا کہا، اطلاع پا کر ایس ایچ او سمہ سٹہ اور ایلیٹ کی گاڑیاں موقع پر پہنچیں تو ملزمان رات کی تاریکی کا فائدہ اٹھاتے ہوئے فائرنگ کرتے ہوئے بھاگ جانے میں کامیاب ہو گئے۔ فائرنگ رکنے کے بعد دیکھا تو گرفتار ڈاکو سرفراز عرف حاجی اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے شدید زخمی ہو چکا تھا۔ریسکیو 1122 کی ٹیم نے موقع پر پہنچ کر زخمی سرفراز عرف حاجی کو ریسکیو کر کے گاڑی میں لا کر چیک کیا تو مضروب اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک ہو چکا تھا۔فرار ملزمان کی گرفتاری کیلئے پولیس کی اسپیشل ٹیمیں آپریشن کر رہی ہیں۔ واضح رہے کہ ہلاک ڈاکو سرفراز عرف حاجی پر 60 سنگین مقدمات تھے اور متعدد میں چالان ہو چکا تھا۔مزید تفتیش و تحقیقات جاری ہیں۔ڈسٹرکٹ پولیس آفیسر بہاولپور نے اس حوالے سے بات کرتے ہوئے کہا کہ ملزم اپنی موت آپ مر گیا۔ بہاولپور پولیس کی طرف سے زیرو ٹالرنس پالیسی اپنائی گئی ہے۔ جرائم پیشہ افراد کیلئے واضح پیغام ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ بہاولپور کے شہریوں کے جان و مال کا تحفظ ہر صورت یقینی بنایا جائے گا۔تھانہ سمہ سٹہ پولیس کو بہادری و جوانمردی سے مقابلہ کرنے پر ڈی پی او نے شاباش دی۔

**ترجمان پولیس بہاولپور**



بہاول پور: تھانہ سمہ سٹہ کے علاقہ میں پولیس مقابلہ، چوری اور ڈکیتی کی متعدد وارداتوں میں ملوث گرفتار ڈاکو اپنے ہی ساتھیوں کی فائرنگ سے ہلاک

ڈسٹرکٹ پولیس شعبہ تعلقات عامہ

پریس ریلیز (377)

مورخہ 12.07.24

**بہاول پور(            ) ڈی پی او اسد سرفراز خان کا تھانہ عنائتی پولیس کو سپیشل ٹاسک، 24 گھنٹے کے اندر سرقہ شدہ لاکھوں روپے مالیتی مکئی سے لوڈ ٹرالہ برآمد کرلیا ،ملزمان گرفتار۔ بہاولپور پولیس عوام کی جان و مال کی حفاظت اور جرائم کی سرکوبی کے لئے ہمہ وقت کوشاں ہے،ڈی پی او اسد سرفراز خان**

تفصیلات کے مطابق آئی جی پنجاب کی جرائم کی سرکوبی کیلئے جاری ہدایات اور ڈی پی او بہاولپور اسد سرفراز خان کی زیر کمانڈ ایس ایچ او تھانہ عنائتی نے ایس ڈی پی او سرکل خیر پور ٹامیوالی کی زیر نگرانی جدید ٹیکنالوجی اور روائتی طریقہ تفتیش کو اپناتے ہوئے اسپیشل ٹیمیں تشکیل دے کر 24 گھنٹوں میں لاکھوں روپے مالیتی چوری شدہ مکئی سے لوڈ ٹرالہ برآمد کرلیا۔ چوری میں ملوث 03 ملزمان صاحب خان ،تنویر اور شہزاد کو گرفتار کرلیا۔ برآمد شدہ مال مسروقہ ضروری کارروائی کے بعد اصل مالک کے حوالے کیا جا رہا ہے۔

ڈی پی او اسد سرفراز خان نے اس موقع پر کہا کہ شہریوں کا لوٹا ہوا مال جرائم پیشہ افراد سے ریکور کرایا جا رہا ہے تاکہ شہریوں کو زیادہ سے زیادہ ریلیف مہیا کیا جا سکے۔ انہوں نے مزید کہا بہاولپور پولیس جرائم کی بیخ کنی کیلئے بہترین حکمت عملی کو اپنا کر جرائم پیشہ افراد کا تدارک جاری رکھے گی۔ ڈی پی او بہاولپور نے بہترین کارکردگی پر ایس ایچ او تھانہ عنائتی و ٹیم کو شاباش دی۔

**ترجمان بہاولپور پولیس**




بہاول پور: ڈی پی او اسد سرفراز خان کا تھانہ عنائتی پولیس کو سپیشل ٹاسک، 24 گھنٹے کے اندر سرقہ شدہ لاکھوں روپے مالیتی مکئی سے لوڈ ٹرالہ برآمد کر کے ملزمان کو گرفتار کرلیا